لا فتی الا علی لا سیف الا ذو الفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۳۱	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۷ محرم الحرام ۱۳۳۸ھ مطابق ۱۳ اکتوبر ۱۹۱۹ء	نمبر ۴۲

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	انتظام متعلق ابکاری	۱ و ۲
۲	تعلق کار ... صاحب ... اسسٹنٹ	۲
۳	تقرر ... پرشاد	۲
۴	انتظام ... حاجی احمد سعید خان	۲
۵	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۵ ستمبر ۱۹۱۹ء

معہ نقل عرضداشت صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایون حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

انتظام مندرجہ رپورٹ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

... صاحب سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض — میر منشی

جناب عالی

رپورٹ جناب سپرنٹنڈنٹ آبکاری سررشتہ ہذا معروضہ ۵ ستمبر ۱۹۱۹ء مفصل ہے انتظام عہدہ انسپکٹر آبکاری صاحب موصوف نے تجویز کیا ہے کہ عہدہ انسپکٹری شکست کرکے بجائے ایک دو سب انسپکٹر بنا دیے جاویں۔ صاحبزادہ اخلاق حسین خان پیشکار آبکاری انچارج گودام بمشاہرہ پندرہ روپیہ الاونس کا چالیس روپیہ ماہانہ ملتے ہیں انکو سب انسپکٹر مقرر کر دیا جائے۔ چالیس روپیہ تنخواہ اور دس روپیہ الاونس جملہ پچاس روپیہ ماہانہ عطا ہو اور ریاض الحسنین محرر صدر سے تیس روپیہ ماہوار پاتے ہیں وہ سررشتہ آبکاری میں پیشکاری کا کام انجام دیتے ہیں انکو چالیس روپیہ ماہانہ تنخواہ اور دس روپیہ الاونس مقرر کرکے بعہدہ سب انسپکٹری آبکاری مقرر کر دیا جائے اور بجائے صاحبزادہ اخلاق حسین خان پیشکار کے احمد سعید خان محرر کو بعہدہ پیشکاری مبلغ بیس روپیہ ماہانہ پر مقرر کر دیا جائے مگر چونکہ صیغہ جوڈیشل کا ہے پہلے صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر سے اسکی بابت دریافت کیا گیا صاحب موصوف نے اسکے صیغہ آبکاری میں منتقل کرنے کو منظور کیا ہے۔ لہذا اجلاس کاغذات پیش کرکے التماس ہے کہ بصراحت بالا انتظام منظور فرمایا جائے اس صورت میں بیس روپیہ ماہانہ کی بچت صیغہ آبکاری اور تیس روپیہ ماہانہ کی بچت صیغہ مال ہوگی۔ زر تنخواہ عبد المجید خان ریونیو سکریٹری بہادر معروضہ ۱۵ ستمبر ۱۹۱۹ء

روبکار اجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر واقع ۲۲ ستمبر ۱۹۱۹ء

صیغہ میونسپلٹی ایک ایسا صیغہ ہے کہ جس میں زیادہ نگرانی اور توجہ کی ضرورت ہے میونسپل افسر صاحب اگرچہ اس وقت تک بہت محنت و جانفشانی سے کام کر رہے ہیں مگر فی الحقیقت میونسپلٹی میں اس قدر زیادہ کام ہے کہ ایک شخص پوری نگرانی بمشکل کر سکتا ہے۔ اسلیے بنظر اصلاح کار سرکار فی الحال یہ تجویز کیجاتی ہے کہ صیغہ تعمیرات میونسپلٹی کا کام و عملہ تعمیرات جس میں ایک سب اوورسیر ایک مستری ایک بل کلرک دو سپاہی انیس بیلدار ایک میٹ بیلداران ایک انجن ڈرائیور ایک فائرمین دو قلی ایک سقہ مستقل ملازم اور دس بیلدار ایک نقشہ نویس بتجویز مستقل ملازم ہیں۔ محمد ابراہیم علی خان صاحب پرسنل اسسٹنٹ کے سپرد کیا جائے آئندہ شہر کے سب گھرنٹوں اور سڑک راستے متعلقہ میونسپلٹی و نالیوں و پلیوں وغیرہ کی مرمت و تعمیر کا کام وہ انجام دینگے مگر وہ عملہ تعمیرات براہ راست صاحب موصوف کی نگرانی میں رہے گا سپرنٹنڈنٹ صفائی گھرنٹوں و نالیوں و پلیوں وغیرہ کی مرمت و تعمیرات کی رپورٹیں بھی براہ راست ان کو کیا کرینگے اور وہ بعد ملاحظہ موقع اپنی مفصل تحریر صدور حکم کے لیے جناب صدر اجلاس میں پیش کیا کرینگے چونکہ من موہن لال بل کلرک رامپور ہوٹل کا بھی کام انجام دیا ہے اسواسطے بجائے انکے منور عنایت اللہ محرر کو اجلاس پرسنل اسسٹنٹ صاحب میں بھیجدیا جائے اور من موہن لال سے کار متعلقہ عنایت اللہ محرر و رامپور ہوٹل کا لیا جائے۔ لہذا حکم ہوا کہ حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں۔

ہوم سکرٹری بہادر

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

تقرر

۲۵ ستمبر ۱۹۱۹ء

حسب تحریر حافظ صاحب سررشتہ دار صاحب صدر تقرر البشری برشاد برادر زادہ پیریان متوفی محرر محافظ خانہ صدر بجائے متوفی مذکور بمشاہرہ پندرہ روپیہ ماہوار منظور ہوا۔

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر واقع ۲۵ ستمبر ۱۹۱۹ء

احمد سعید خان اہلمد متعینہ عدالت صاحب مجسٹریٹ آبکاری کی خدمت صیغہ مال میں منتقل ہو گئی ہے۔ صاحب مجسٹریٹ آبکاری اپنے اجلاس میں رشید حسن بیگ اہلمد کو لینا چاہتے ہیں۔ لہذا رشید حسن بیگ عدالت فوجداری ضلع و عدالت مجسٹریٹی آبکاری میں بجائے احمد سعید خان مبدلہ کام کریں اور رشید حسن بیگ کی جگہ پر مقصود احمد خان محرر محافظ خانہ دیوانی اپنی تنخواہ پر تبدیل ہو۔ اور مقصود احمد خان کی جگہ امتحاناً برائے چھ ماہ عبد العزیز خان ولد عبد الجمیل خان امیدوار بمشاہرہ دس روپیہ ماہوار محرر محافظ خانہ کیا جاوے قبل مدت مفتی صاحب دیوانی عبد العزیز خان کے کام کی بابت رپورٹ کرینگے۔

حکم ہوا کہ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

جوڈیشل سکرٹری بہادر

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۶ لغایت ۱۲ اکتوبر ۱۹۱۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم		۸ سار				۱۰۵ سار	دیگر تحصیلات سے نقشہ جات نہیں آئے۔
نخود خالص		۹ سار				۵ سار	
نخود کسہ آمیز		۸ سار				۵ سار	
کسہ		۰				۱۰۵ سار	
ماش		۰				۵ سار	
مونگ		۰				۴ سار	
مکا		۸ سار				۸ سار	
جئی		۰				۰	
گوجئی		۰				۷ سار	
عدس		۰				۰	
ارہر		۵ سار				۰	
برنج		۴ سار				۴ سار	
روغن زرد		۰ سار				۰ سار	
روغن سیاہ		۲ سار				۲ سار	
روغن کنجد		۲ سار				۱۰ سار	
نمک سانبہر		۱۱ سار				۱۱ سار	
نمک لاہوری		۱۱ سار				۱۰ سار	
قند سیاہ		۸ سار				۳۰ سار	
باجرہ		۰				۰	